09/03/2026 07.40 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبروں کا بلٹن لےکر مینسید تجمل اسلام اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ بھارت کا طبی نگہداشت کا شعبہ تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن // وزیر اعظم نریندر مودی ۔

*........ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ شروع // حزب اختلاف کے شور و غل کے چلتے لوک سبھا کی کاروائی آج پہلے ہی دن متاثر۔

*........ جموں میں متعدد ارکان قانون سازیہ وزیر اعلیٰ سے ملاقی // اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور مسائل کئے اجاگر ۔

اور

*........ واد ی کے تعلیمی اداروں میں تعطیلات کے بعد درس و تدریس کا عمل شروع ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کا صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچہ گزشتہ چند برسوں میں اور زیادہ مضبوط ہوا ہے۔ سب کا ساتھ، سب کا وکاس اور عوام کی امنگوں کی تکمیل سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کی Webinar کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے امنگوں کی تکمیل محض بحث کا معاملہ نہیں، بلکہ یہ بجٹ اور سرکار کے عہد کی بنیاد ہے۔
وزیر اعظم نے اس بات کو

ا

جاگر کیا کہ ملک احتیاطی اور جامع صحت نظام کی سمت ایک نظریے کے ساتھ کام کر رہا ہے ± اور کئی ضلعوں میں سیکڑوں نئے میڈیکل کالج کھولے جا رہے ہیں۔ نریندر مودی نے کہا کہ دیکھ بھال کرنے والے اہلکاروں کی بڑھتی ہوئی عالمی مانگ کے تناظر میں ملک میں لاکھوں نوجوان افراد کیلئے ہنرمندی پر مبنی روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

-------PM---------

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کادوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو ا جو 2 اپریل تک جاری رہے گا۔ لوک سبھا میں آج مغربی ایشیا ءکی صورتحال سے متعلق حزب اختلاف کے ارکان کے بحث کے مطالبے اور ان کے شور و غل کی وجہ سے لوک سبھا کی کاروائی تین بجے تک کے لئے ملتو ی کر دی گئی ۔ پہلے التواءکے بعد جب کاروائی دوپہر بارہ بجے دو بارہ شروع ہوئی تو وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے مغربی ایشیاءمیں صورتحال سے متعلق ایک بیان دیا ۔ تاہم اس دوران حزب اختلاف کے ارکان نعرہ بازی کرتے ہوئے ایو ان کے وسط میں آ گئے ۔ بعد میں لوک سبھا کی کاروائی پورے دن کے لئے ملتو ی کر دی گئی ۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے زور دے کر کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں کشیدگی کم کرنے کی خاطر مذاکرات اور سفارتکاری کا راستہ اختیار کیا جانا چاہئے۔ مغربی ایشیا کے حالات کے بارے میں لوک سبھا میں بیان دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت سرکار نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صورتحال کے بارے میں پچھلے مہینے کی 20 تاریخ کو ایک بیان جاری کیا تھا اور سبھی فریقوں پر زور دیا تھا کہ وہ صبر و تحملسے کام لیں۔

ا

نہوں نے کہا کہ بھارت کا یہ ماننا ہے کہ کشیدگی کم کرنے کیلئے مذاکرات اور ڈپلومیسی کا ± راستہ اپنایا جانا چاہئے۔ وزیر خارجہ نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی ابھرتے ہوئے حالات پر لگا تار نظر رکھے ہوئے ہیں اور متعلقہ وزارتیں

مو

ثر اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے تال میل کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ؒ

ہیلپ لائن

وزارت خارجہ نے بھارتی شہریوں کے لئے مغربی ایشیاءاور گلف خطے میں بھارتی سفارتخانوں کے ایمرجنسی فون نمبرات جاری کئے ہیں ۔ ان علاقوں میں موجود بھارتی شہری موجودہ تناو کے چلتے مدد کے لئے ان نمبرات کے ساتھ رابطہ قائم کر سکتے ہیں ۔

ایران میں قائم سفارتخانے کا نمبر ہے

989128109115

بحرین کا نمبر ہے

97339418071

عراق کا نمبر ہے

9647716511185

اسرائیل کا نمبر ہے

972547520711

جارڈن کا نمبر ہے

962770422276

کویت کا نمبر ہے

96565501946

لبنان کا نمبر ہے

96176860128

اومان کا نمبر ہے

96898282270

قطر کا نمبر ہے

97455647502

فلسطین کا نمبر ہے

970592916418

سعودی عرب کا نمبر ہے

8002471234

متحدہ عرب امارات کا نمبر ہے

971543090571

وزیر اعلیٰ ملاقات

جموں میں آج کئی ارکانِ قانون سازیہ نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور مسائل سے انہیں روشناس کرایا ۔ ان میں سرجیت سنگھ سلاتھیا ، سجاد شاہین ، ارجن سنگھ راجو ، دلیپ سنگھ پریہار ، انجینئر خورشید احمد اور عبدالمجید بٹ لارمی شامل ہیں ۔

وزیر اعلیٰ نے ارکان کے مسائل کو غور سے سنا اور یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت تمام خطوں کی مساوی ترقی اور لوگوں کی راحت رسانی کے لئے وعدہ بند ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بجلی محکمے کے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ لوگوں تک بجلی کی بہتر سہولیات پہنچانے نیز عوام کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فرو گزاشت نہ کریں ۔ سول سیکریٹریٹ جموں میں آج بجلی محکمے کے کام کاج اور محکمے کی طرف سے عوام کو دی جا رہی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے جموں کشمیر کے صحت مراکز کے لئے خریدی جا رہی ادویات اور طبی آلات کے معیار کو یقینی بنانے کے لئے سخت اقدامات کرنے پر زور دیا ہے ۔ جموں میں آج جموں کشمیر میڈیکل سپلائز کارپوریشن لمیٹڈ کی کارکردگی کا جائزہ لینے سے متعلق منعقدہ ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت مریضوں کی سلامتی اور ان تک اعلیٰ معیار کی سہولیات پہنچانے کی وعدہ بند ہے ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے زمینی سطح پر ترقیاتی پروگراموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کے لئے مختلف محکموں کے مابین بہتر تال میل اور جوابدہی پر زور دیا ہے ۔ آج جموں سے ورچول طریقے پر بارہمولہ ضلعے میں عملائی جا رہی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت تمام خطوں کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے کی طرف توجہ دے رہی ہے ۔ انہوں نے رقومات کے منصفانہ تصرف پر بھی زور دیا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر پر Radiokashmir@gmail.co شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong----

ہمارے نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

رمضان المبارک

رمضان المبارک کا مہینہ اپنے فیوض و برکات کے ساتھ جاری ہے۔ اس مبارک مہینے کے آخری عشرے میں اعتکاف کا عمل کیا جاتا ہے۔ اعتکاف کا سلسلہ کل یعنی 20 رمضان المبارک کے سہ پہر سے شروع ہوگا اور شوال کا چاند نظر آتے ہی اختتام پذیر ہوگا۔ اعتکاف کی فضیلت کے حوالے سے جب ہم نے عالم دین مولانا خورشید انور کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔۔

------Khursheed------

جن اوشدھی

عام لوگوں تک معقول نرخوں پر معیاری ادویات پہنچانے کے لئے ملک بھر میں جن اوشدھی کیندروں کا جال بچھایا گیا ہے ۔ اس وقت ملک بھر میں 15 ہزار سے 18ہزار تک جن اوشدھی کیندر قائم ہیں جن سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں ۔ جن اوشدھی کیندروں کی اہمیت اور حال ہی میں منائے گئے جن اوشدھی دوس کے تعلق سے معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر

ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Dr. Zubair...........

ناگپال

طبی نگہداشت کے شعبے میں ریفرل نظام کو کلیدی اہمیت حاصل ہے اور یہ ادارہ ہر گزرتے دن کے ساتھ معیار کی بلندیوں کو چھو رہا ہے ۔

اس تعلق سے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر اجیت کمار ناگپال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------Nagpal------

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک شاعر اور ماہر تعلیم ڈاکٹر حسرت حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

سکول

وادی کشمیر مینپہلی جماعت سے آٹھویں جماعت تک کے تمام سرکاری ا ور نجی تعلیمی اداروں میں سرمائی تعطیلات کے بعد آج دوبارہ درس و تدریس کا کام شروع ہوا ۔

رنگ برنگی وردیوں میں ملبوس بچوں نے سکولوں کا رُخ کیا اور تمام تعلیمی ادارے ایک خوشنما منظر پیش کر رہے تھے ۔ والدین نے تعلیمی اداروں کے دوبارہ کھلنے پر خوشی کا اظہار کیا ۔ کئی طلباءنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

زوجیلا

زوجیلا پاس اس سال فروری کی 26 تاریخ سے ہی ٹریفک کی آواجائی کے لئے کھول دیا گیا جس کی بدولت ماہ رمضان کے چلتے ضروری اشیاءلداخ کی اور روانہ کرنا ممکن ہو پایا ۔ اس ضمن میں آکاشوانی کے نمائندے عنایت علی کے ساتھ بات کرتے ہوئے چیف انجینئر پروجیکٹ Vijayak برگیڈئر راہل اوبرائے نے کہا کہ زوجیلا پاس کو سال کے لمبے عرصے تک کھلا رکھنا اہمیت کا حامل ہے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاس ماضی میں موسم سرما کے دوران تقریباً پانچ ماہ تک بند رہا کرتا تھا ۔

-------BYTE-------

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جمونکشمیر میں حکمرانی کے عمل میں مصنوعی ذہانت کو اختیار کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کی بدولت حکمرانی کے عمل کو آسان اور عوام دوست بنانے میں کافی مدد ملے گی ۔

ACB

جموں کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے ریاسی ضلعے کے پولیس پوسٹ تلواڑہ میں تعینات انویسٹگیٹنگ آفیسر ، ہیڈ کانسٹیبل پرویز احمد بٹھی کو پانچ ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے ۔

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانات۔

Gong

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ایک پریس بیان میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے اپیل کی ہے کہ وہ عوامی جذبات کا احترام کرتے ہوئے حالیہ احتجاج کے دوران گرفتار کئے گئے نوجوانوں کو فوری طور سے رہا کریں ۔ انہوں نے مزید کہا کہ گرفتار شدہ نوجوانوں کے اہلِ خانہ شدید دباو اور تشویش کے شکار ہیں ۔

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج نوشہرہ جا کر حال کی آگ وارادات کے دوران ہوئے نقصان کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس موقعہ پر لوگوں کے مسائل بھی سنے ۔

پارٹی کے نائب صوبائی صدر کشمیر احسان پردیسی نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر پر کارکنوں کے ایک اجلاس کے دوران لوگوں کے مسائل سنے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی راحت رسانی کے لئے پیش پیش ہے ۔

پی ڈی پی

پی ڈی پی کی جانب سے نیوز روم کو دستیاب کیے گئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ لنک میں کہا گیا ہے کہ پی ڈی پی صدر اور سابقہ وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے آج نئی دلی میں Iranian Culture Centre and Embassy کا دورہ کر کے وہاں ایران کے روحانی لیڈر آیت اللہ علی خامنا ای کی شہادت پر اپنی تعزیت کا اظہار کیا ۔ انہوں نے ایران کے سفیر کے ساتھ ایران میں درماندہ کشمیری طلباءکا معاملہ بھی اٹھایا ۔ بعد میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے محبوبہ مفتی نے کہا ۔

------BYTE------

بی جے پی

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج راجیہ سبھا میں ایک سوال کے ذریعے مرکزی سرکار سے جموں کشمیر میں پروجیکٹوں کی صورتحال ، رقومات کے تصرف اور مستقبل کے نقش راہ کے بارے میں جانکاری طلب کی ۔ جس کے جواب میں شہری ترقی کے مرکزی وزیر مملکت Tokhan Sahu نے کہا کہ جموں سمارٹ سٹی کے لئے مرکزی معاونت کی پوری رقم چار ارب 98 کروڑ روپے واگزار کی گئی ہے ۔

بی جے پی جموں کشمیر کی طرف سے یوٹی بھر میں پنڈت دین دھیال اُپادھیائے پرشکشن مہا ابھیان 2026 کے تحت کئی ورکشاپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔ اس تعلق سے آج بی جے پی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے منڈل کٹرہ میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا ۔

JDU

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے ڈاپر- نمبل نار سڑک کی خستہ حالی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور اس سڑک کی از سر نو مرمت کی جائے ۔ انہوں نے کہا کہ اس سڑک کی خستہ حالی سے لوگوں کو گوناگوں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔

ہائی کورٹ

جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی جموں شاخ میں آج چیف جسٹس کے کورٹ روم میں ایک فُل کورٹ ریفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے سابق جج اور قائمقام چیف جسٹس جسٹس وی کے جھانجی کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا گیا ۔ آنجہانی اس سال 23 فروری کو انتقال کر گئے ۔ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ارون پلی نے جسٹس وی کے جھانجی کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت ادا کیا ۔ اس کورٹ ریفرنس میں جموں کشمیر ہائی کورٹ کے جج صاحبان اور عدلیہ سے جُڑی اہم شخصیات نے بھی شرکت کی ۔

یووا سنگم

مرکزی وزارت تعلیم نے آج ایک بھارت شریشٹھ بھارت اقدام کے تحت یووا سنگم کے چھٹے مرحلے کے لئے آن لائن رجسٹریشن پورٹل لانچ کیا ۔ یووا سنگم حکومتِ ہند کے ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت ایک فلیگ شپ یوتھ ایکسچینج پروگرام ہے ۔

ADG

ADG آرمڈ جموں آنند جین نے آج 15 بٹالئین IR کا دورہ کر کے اس کارگزاری اور وہاں جوانوں بالخصوص خواتین اہلکاروں کو دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔

*.......اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

Gong

جموں پولیس

موضوع کے تحت دو روزہ Intelligence Generation زونل پولیس ہیڈ کوارٹر جموں میں تربیتی پروگرام کا آغاز ہوا جس کا مقصد پولیس اہلکاروں کی صلاحیتوں کو بڑھاوا دینا ہے ۔
کے شفیق احمد نامی ایک ٹیرر ہینڈ لر کی سات مرلہ زمین Naika Panjgrain راجوری پولیس نے کو اٹیچ کر دیا ہے ۔

پولیس

کیلر کے غلام Zrakan منشیات کے خلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے شوپیان میں محمد کھانڈے کا 55 لاکھ روپے مالیت کا رہائشی مکان اٹیچ کر دیا ہے ۔ پولیس نے کہا ہے کہ مذکورہ شخص نے یہ مکان منشیات کے دھندے سے حاصل کی گئی کمائی سے تعمیر کیا ہے ۔

پولیس نے گورنمنٹ بائز ہائی سکول سُپر ناگہامہ ہندواڑہ میں نئے فوجداری قوانین سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقا دکیا ۔

پولیس نے گاندربل اور شوپیان اضلاع میں غیر قانونی کانکنی کے لئے استعمال کی جا رہی آٹھ گاڑیوں کو ضبط کیا ہے ۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

مژھل

Porter مژھل میں ہیڈ کوارٹر 53 انفینٹری برگیڈ کی طرف سے 29 مارچ سے دو اپریل تک ایک کمپنی تشکیل دی جا رہی ہے ۔ اس تعلق سے چھ سو پورٹروں کو 179 دنوں کے لئے ڈیفنس پورٹر کیا جائے گا ۔ اس حوالے سے 18 برس سے 40 برس تک کی عمر کے Enroll کی حیثیت سے مژھل کپواڑہ میں جمع کرا سکتے ہیں ۔ RR Batallion امیدوار لازمی دستاویزات 25 مارچ تک

فرقیاں گلی سیکٹر میں فیزکل ٹیسٹ 29 اور 30 مارچ کولیا جائے گا جبکہ مڑھل ،کمکاری اور کلا روس سیکٹروں میں یہ ٹیسٹ 31 مارچ سے دو اپریل تک لیا جائے گا ۔

شمالی کمان ادھمپور

شمالی کمان ادھمپور کی ریجنل آرمی وومنز ویلفئیر ایسو سی ایشن نے حال ہی میں پروجیکٹ Garbh Sanskar کی شروعات کی ۔ اس پروگرام میں 2 ہزار 5 سو مستحقین شرکت کر AWWA رہی ہیں ۔

کبڈی کلسٹر

اشوک بھان نے ایم اے سٹیڈیم جموں میں آل انڈیا پولیس کبڈی کلسٹر DGP جموں کشمیر کے سابق 2025-26 کا افتتاح کیا ۔ کھیلوں کے یہ مقابلے جموں صوبے کے مختلف مقامات پر 7 سے 12 مارچ تک منعقد کئے جا رہے ہیں جن میں مختلف ریاستوں اور یوٹیز سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار 648 کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں ۔

IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے Centre for Innovation and Enterpreneurship Development کی جانب سے آج سے Fruit Preservation کے موضوع پر ایک سکل ڈیولپمنٹ پروگرام شروع کیا گیا ۔ پروگرام کے دوران خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر ہمگری نئی دلی ڈاکٹر راکیش مہرا نے نوجوانوں میں اختراع اور سکل ڈیولپمنٹ کے Innovation کے ڈائریکٹر پروفیسر پرویز CIED IUST لئے یونیورسٹی کی کاوشوں کو سراہا ۔ اس تقریب پر احمد میر اور ڈاکٹر بشارت احمد ڈار بھی موجود تھے ۔

SKIMS

شعبے میں بہتری Pathology شعبے نے Pathology ایک اہم پیش رفت کے تحت سکمز کے پینل کا افتتاح کیا ۔ اس پینل کا افتتاح Immunohistochemistry Markers لانے کے لئے 174 سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے کیا ۔

کرکٹ

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ فائنل میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 96رنز سے شکست دے کر ICC مردوں کے تیسری مرتبہ عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کرلیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو،نائب صدر سی پی رادھا کرشنن ،وزیر اعظم نریندر مودی،وزیر داخلہ امت شاہ، جموںو کشمیرکے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹوں مینٹیم انڈیا کو اس تاریخی کامیابی پر مبارک باد پیش کی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران صوبہ کشمیر کے بالائی علاقوں میں ہلکی بارش یا برفباری جبکہ جموں صوبے میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت22 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموںمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 48 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر34منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ